# یومیہ واجب نمازیں

<"xml encoding="UTF-8?>

## یومیہ واجب نمازیں

مسئلہ 881: یومیہ واجب نمازیں پانچ ہیں: ظہر اور عصر ہر ایک چار رکعت ، مغرب تین رکعت، عشا چار رکعت اور صبح دو رکعت۔

مسئلہ 882: سفر میں چار رکعتی نمازیں ان شرائط کے ساتھ جو بیان کئے جائیں گے دو رکعت پڑھی جائیں گی۔واجب نمازیں

مسئلہ 880: غیبت امام عصر عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف کے زمانے میں واجب نمازیں چھ ہیں:

اوّل: نماز یومیہ

دوّم: نماز آیات

سوّم: نماز میت

چہارم: خانۂ کعبہ کے واجب طواف کی نماز

پنجم: باپ کی قضا نمازیں جو بڑے بیٹے پر احتیاط واجب کی بنا پر ہے۔

ششم: وہ نمازیں جو اجارہ ، قسم، نذر اور عہد سے واجب ہوتی ہیں۔

نماز جمعہ یومیہ نمازوں میں سے یعنی پہلی قسم میں سے شمار ہوگی جس کے احکام آئندہ ذکر ہونگے۔